سوال

شادی میں وٹہ سٹہ کی شرعی حیثیت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا اسلام میں وٹہ سٹہ کی شادی جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں ہے ''رسول اللہ ﷺ نے نکاح شغار (نکاح وٹہ) سے منع فرمایا'' (بخاری۔کتاب النکاح۔باب الشغار) اور بعض احادیث میں یہ لفظ بھی آئے ہیں ''اسلام میں شغار نہیں'' صحیح بخاری میں عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے کہ ''اسلام نے لوگوں کے آج رائج نکاح کے علاوہ جاہلیت کے تمام نکاحوں کو ختم کر دیا'' تو ان دلائل کی روشنی میں نکاح شغار نکاح باطل ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

نکاح کے مسائل ج1ص302